لیکن جناب عرشؔ کی قدرتِ کلام نے سوزِ جگر کے ساتھ مل کر اس وادیِ ہفتخوان کو بڑی خوبی سے طے کیا ہے جس پر وہ مبارک باد کے مستحق ہیں۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے لائق مصنف کے فنی کمال و حسنِ طبع کی داد دیں گے۔ یہ مجموعہ دیکھنے اور پڑھنے سے ہی تعلق رکھتا ہے۔ لیکن دو شعر تو آپ بھی سنتے چلئے۔

زہے شانِ براہیمی کہ نمرودوں کی دنیا میں ۔۔۔ وہ جس آتش کو بھی کہہ دے وہی گلزار ہو جائے
دل دار و دل نشین و دل آرا تمہیں تو ہو ۔۔۔ ہاں ہاں تمہیں تو ہو دل عالم کے دل نواز

شروع میں مولانا عبدالماجد دریابادی کے قلم سے تین صفحوں کا ایک پیش لفظ بھی پڑھنے کے لایق ہے۔

اسلامی زندگی | از مولانا محمد احتشام الحسن کاندھلوی تقطیع خورد ضخامت ۳۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۵؍ پتہ:۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی۔

اس رسالہ میں حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات و فیوض کی روشنی میں اسلامی زندگی کے دستور العمل کا ایک خاکہ پیش کیا گیا ہے یعنی یہ کہ اصل سعادت و کامرانی تعلق باللہ ہے اس تعلق کے مقتضیات کیا ہیں؟ اس تعلق پر کیا اثرات و ثمرات مرتب ہوتے ہیں اور یہ تعلق کیوں کر پیدا کیا جاتا ہے۔ اسلام کی اس بارہ میں تعلیمات کیا ہیں؟ اور ان تعلیمات کا انسان کی اجتماعی اور انفرادی زندگی پر کیا اثر ہوتا ہے اس کا مطالعہ مسلمانوں کے لئے مفید ہو گا۔